نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی پتا مروڑ وائرس سے بچاؤ کیلئے حکمت عملی جاری کر دی

لاہور:05اگست 2018( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق امسال موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے کپاس کی فصل پر پتا مروڑ وائرس کا حملہ مشاہدے میں آرہا ہے۔اس بیماری کے موثر تدارک کیلئے کاشتکار کپاس کی فصل میں موجود جڑی بوٹیوں کی تلفی کو یقینی بنائیں چونکہ پتا مروڑ وائرس کی بیماری سفید مکھی کی وجہ سے پھیلتی ہے لہٰذا جڑی بوٹیوں کی تلفی کپاس کے کھیتوں اور اردگرد موجود کھالوں اور وٹوں سے تلف کرنا بیحد ضروری ہے۔یہ جڑی بوٹیاں سفید مکھی کی نہ صرف آماجگاہ کے طور پر استعمال ہوتی ہیں بلکہ کپاس کے پودوں سے غذائی ضروریات میں بھی ان سے مقابلہ کرتی ہیں۔کپاس کے علاوہ یہ بیماری متبادل میزبان فصلوں مثلاً بھنڈی،تمباکو،بینگن،توری،ٹماٹر،مرچ،بیر اور جڑی بوٹیوں مثلاً اٹ سٹ،مکو،لہیہ،کرنڈ،ہزار دانی،کُٹھ کندا،سن ککڑ،اَک،سکلائی پر بھی پائی جاتی ہیں لہٰذا ان میزبان پودوں،جڑی بوٹیوں و دیگر میزبان پودوں پر سے سفید مکھی کا کنٹرول بھی انتہائی ضروری ہے۔ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ پتا مروڑ وائرس کی بیماری کے آغاز میں اگر کھادوں کا متوازن استعمال خاص طور پر پوٹاشیم کا متوازن استعمال کیا جائے تو وائرس کے اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان میں کئے گئے تجربات سے یہ ثابت ہوا ہے کہ مگنشیم سلفیٹ بحساب 300 گرام،پوٹاشیم نائٹریٹ 200 گرام،زنک سلفیٹ 200 گرام اور بوریکس 200 گرام فی ایکڑ 100 لیٹر پانی میں حل کر کے تین سپرے بیجائی کے بعد بالترتیب 60،75،90 دن پر کریں تاکہ اس بیماری کے اثرات کو کم کیا جا سکے۔کپاس کی پتا مروڑ بیماری سفید مکھی کی وجہ سے پھیلتی ہے اور اس سے کپاس کی فصل بدرنگ ہو جاتی ہے اور فی ایکڑ پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے اس لئے کپاس کے کاشتکار محکمہ زراعت (توسیع یا پیسٹ وارننگ) کی فیلڈ فارمیشن سے رابطہ کر کے اس کے تدارک کا موثر انتظام کریں۔مزید معلومات کیلئے کاشتکار زرعی ہیلپ لائن کے نمبرز 0800-15000 اور 0800-29000 پر صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک مفت کال کر سکتے ہیں

☆☆☆☆